شمارہ نمبر 2
جلد نمبر/ تعلیمی سیشن نمبر 5

# دی اکیڈیمیا

دسواں ششماہی رسالہ فروری 2021


العلم اکیڈیمیا
سیرت سازی اور علمی امتیاز ساتھ ساتھ سکول (رجسٹرڈ)

مین برانچ:
کینال روڈ یوسف آباد، دلہ زاک روڈ پشاور شہر
0092-91-258 33 00
0092-333-832 44 99
alilmacademia@gmail.com
www.alilmacademia.edu.pk
/Al-Ilm Academia School
/Al-Ilm Academia

## میگزین ٹیم کا تعارف

جناب ابو ثاقب صاحب "چیف ایڈیٹر میگزین"
مس شبانہ ناز صاحبہ "ایڈیٹر"
مس فائزہ رانی "انچارج اُردو سیکشن"
مس ثناء گل "انچارج انگلش سیکشن"
مس آمنہ "انچارج تصاویر سیکشن"
جناب ابراہیم صاحب "کمپوزر"
جناب عمران صافی صاحب "ڈیزائنر"

PSRA Regd. No: 010385026216



### قائداعظم محمد علی جناحؒ کا فرمان ہے:

اب ہم سب پاکستانی ہیں۔۔نہ پنجابی، نہ پٹھان، نہ بلوچی، نہ سندھی، اور نہ بنگالی، ہمیں پاکستانی اور صرف پاکستانی کہلوانے پر فخر کرنا چاہیے ہم جو کچھ محسوس، جو کچھ عمل کریں، جو قدم بھی اٹھائیں، پاکستانی اور فقط پاکستانی کی حیثیت میں۔ میں آپ سے کہتا ہوں کہ جب بھی آپ کوئی نیا اقدام کریں تو پہلے رک کر ذرا سوچ لیجئے کہ یہ آپ کی ذاتی یا مقامی پسند و ناپسند کے زیر اثر ہے یا پاکستان کی فلاح و بہبود کا خیال دوسری باتوں پر غالب ہے اگر ہر شخص یوں اپنا محاسبہ کرے گا اور خود کو مجبور کرکے اپنے آپ پر اور دوسروں پر بھی ایمانداری کا اصول لاگو کرنے کا عادی ہو جائے گا تو میں دیکھ رہا ہوں کہ پاکستان کا مستقبل انتہائی روشن اور شاندار ہے۔

## حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وسلم

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

مَلْعُونٌ مَنْ ضَارَّ مُؤْمِنًا أَوْ مَكَرَ بِهِ

(رواہ الترمذی عن ابی بکرِ صدیق رضی اللہ عنہ)

رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

"جو شخص کسی مسلمان کو نقصان پہنچائے یا اس کو دھوکہ دے وہ ملعون ہے"

Rasulullah Sallallahu Alaihi Wasalam Says:

Accursed is he who harms a Mu'min or acts deceitfully towards him"

## حمد باری تعالیٰ

کروں کیوں نہ حمد و ثناء، اس خدا کی
کہ جس نے مجھے ہر خوشی عطا کی
کیا درگزر میری ہر ایک خطا کو
یوں مجھ پر مہربانی کی انتہا کی
میں کرتا رہوں گا تیرا شکر میرے مولا
میری زندگی نے جب تک وفا کی
مجھے ہے آس بخشش کی اس سے
رحم کرنا عادت ہے میرے اللہ کی



### علامہ اقبالؒ نے فرمایا:

اس قوم کو شمشیر کی حاجت نہیں رہتی
ہو جس کے جوانوں کی خودی صورتِ فولاد (اقبالؒ)

## اداریہ

### اپنے بچوں کو آداب زندگی سکھائیں!

محترم والدین! آپ سے گزارش ہے کہ عمر کی مناسبت سے بچوں کو چھوٹے چھوٹے آداب وفضائل آگاہ کیا جائے اور شیطان کی شرارتیں وراس کے بہکاوے کے نقصانات سے بچوں کو آگاہ کیا جائے۔ اس کے علاوہ اپنے سے چھوٹوں سے کس طرح بات کی جائے؟

بڑوں سے ملاقات کا طریقہ کیا ہو؟ اجنبی لوگوں سے کیسا برتاؤ ہونا چاہیے؟ ان تمام چیزوں کو اختصار کے ساتھ بچوں کو ذہن نشین کرایا جائے۔ از ابو ثاقب

## بچوں سے سرگوشی

### کتاب کا مقام

رکھنا مجھے ادب سے؛ میں کتاب ہوں
مجھ کو پڑھو جو ؛ بہت لاجواب ہوں
موڑو نہ مجھ کو؛ میری کمر ٹوٹ جائے گی
لفظوں سے روشنائی بھی پھر روٹھ جائے گی
بچو؛ مجھے سنبھال کے رکھنا نہ بھولئے
نازک بہت ہوں؛ ٹھیس نہ لگ جائے دیکھئے
میری کہانیوں میں نصیحت بھی پاؤ گے
نظموں سے میری لطف بہت تم اٹھاؤ گے
پڑھ کر مجھے نہ بھولنا؛ انسان بنو گے
گر علم پالیا تو؛ حکومت کروگے
اپنے رسول ﷺ پر اتری کتاب تھی
ہر وقت ان کے سامنے رہتی کتاب تھی
میں شہر علم کا ہوں بتایا تھا آپ نے
رستہ صداقتوں کا دکھایا تھا آپ نے
جو اپنے ہاتھ سے میرے دامن کو تھام لے
مجھ سے وہ زندگی میں بڑا ہی مقام لے
رکھنا مجھے ادب سے بہت؛ میں کتاب ہوں
مجھ کو پڑھو جو دل سے؛ بہت لاجواب ہوں

## العلم سے متعلق




## نعتِ رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم

شان کیا ہے آپ ﷺ کی خیر البشر
رحمت دونوں جہاں میں سر بسر
پر جہاں پر جلتے ہیں جبریلؑ کے
اس سے آگے رفعتوں کا ہے سفر
بالیقیں بدلا جہاں بھر کا نظام
آپ ﷺ جب سے ہوگئے ہیں جلوہ گر
آپ ﷺ کی ہر بات فرمان خدا
آپ ﷺ کی ہر بات کتنی معتبر
ہوگیا دونوں جہاں میں سرخرو
پڑھ گئی جس پر محبت کی نظر
خود بلایا ہے خدائے پاک نے
آپ ﷺ کو عرش معلیٰ پر قمر

## اسلامی عقیدہ و عمل

# لباس کے آداب

- اچھا اور خوبصورت لباس پہننا اللہ تعالیٰ نعمتوں کا شکرانہ ہے۔ایسا لباس کبھی نہ پہنیں جو آپ کی معاشرت سے تعلق نہ رکھتا ہو اور آپ کو عجوبہ، کھلونا، نمونہ یا تماشا بنادے۔
- جب بھی کوئی نیا سوٹ سلوائیں، اپنی عادت بنالیں کہ اس دن دو رکعت نماز شکرانہ ضرور پڑھ لیں اور اپنا کوئی ایک سوٹ کسی غریب، نوکر یا مستحق کو دے دیں۔اس کے فوائد بھی ہیں اور تاکید بھی۔
- کپڑا پہنتے ہوئے دائیں طرف سے شروع کرنا اچھا ہوتا ہے۔پہلے سیدھی آستین پھر الٹی پہننی چاہیے۔اس طرح پاجامہ، شلوار بھی پہلے سیدھے پاؤں میں پائنچہ ڈالیے، البتہ جوتا اور کپڑے اتارتے ہوئے الٹ ترتیب ہوگی۔عادت نہ ہو تو ذرا سی توجہ سے عادت بنانی چاہیے۔
- مدرسہ یا سکول کا یونیفارم ہمیشہ گھر آتے ہی بدل لینا چاہیے تاکہ دھلنے والا ہو تو دھل جائے صاف ہو تو یہی کل کام آئے۔دوسرے تیسرے روز کپڑے دھلوا لینے چاہئیں۔میلے اور گندے کپڑے کسی صورت میں سکول پہن کر نہیں جانا چاہیے۔آپ کی عزت اور ریپوٹیشن دونوں خراب ہوں گی۔

## آداب کارنر

# انٹرنیٹ کی آزمائش سے بچنے کے آداب

- کمپیوٹر ایسی جگہ پر ہو جہاں سے آتے جاتے کسی بڑے کی نظر پڑتی رہے۔
- کمپیوٹر کا استعمال ہر صورت میں کسی مشترکہ جگہ پر ہو۔
- زمانہ طالب علمی میں سوشل میڈیا فیس بک وغیرہ کے استعمال سے بچے رہیں تو بہتر ہوگا۔ اور اگر سوشل میڈیا کا استعمال ہو بھی تو مثبت استعمال کریں۔
- غیر ضروری استعمال سے گریز کریں۔
- انٹرنیٹ کے استعمال کے لیے وقت مختص کرلیں تاکہ آپ کا وقت ضائع نہ ہو۔
- سوشل میڈیا کے اگرچہ فوائد ہیں لیکن طلباء کے لیے اس کے استعمال میں نقصانات زیادہ ہیں۔
- سوشل میڈیا سے وقت کا ضیاع ہوتا ہے جس سے امتحانوں میں نمبرات کم آجاتے ہیں کمپیوٹر سکرین، لیپ ٹاپ، ٹیبلٹ اور موبائل کے بے تحاشہ استعمال سے نظر خراب ہو جاتی ہے۔

## نظم میں چھوٹا سا اِک لڑکا ہوں

میں چھوٹا سا اِک لڑکا ہوں پر کام کروں گا بڑے بڑے
میں چھوٹا سا اِک لڑکا ہوں

یہ عِلم کی ہیں جو روشنیاں میں ہر گھر میں لے جاؤنگا
تعلیم کا پرچم لہرا کر میں سرسیّد بن جاؤنگا
کیا فائدہ جو میں عمر گزاروں گھر میں اپنے پڑے پڑے
میں چھوٹا سا اِک لڑکا ہوں

جتنے بھی لڑاکا لڑکے ہیں ان سب کو نیک بناؤنگا
جو رُوٹھے ہوئے ہم جولی ہیں ان سب کو ایک بناؤنگا
سب آپس میں مل جائینگے اب رہتے ہیں جو لڑے لڑے
میں چھوٹا سا اِک لڑکا ہوں

میں چار طرف لے جاؤنگا اقبال نے جو پیغام دیا
میں ہی وہ پرندہ ہوں جس کو اس نے شہباز کا نام دیا
اب میرے پروں سے چمکیں گے سب ہیرے موتی جڑے جڑے
میں چھوٹا سا اِک لڑکا ہوں پر کام کروں گا بڑے بڑے

(جمیل الدین عالی)

## قرآنی معلومات

س: قرآن کریم میں ایک سورۃ ہے جس کی ہر آیت حرف "س" پر ختم ہوتی ہے، اس سورۃ کا نام بتلایئے؟

ج: سورۃ الناس۔

س: ایک قرآنی دُعا ہے: "رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ۔" بتایئے یہ دعا کس سورۃ اور کس پارہ میں ہے؟

ج: سُورۃُ الْبَقَرَۃِ، پارہ الٓمّ۔

س: قرآن کریم کی ان سورتوں کے نام بتلایئے جو لفظ "قل" سے شروع ہوتی ہیں۔

ج: سُوْرَۃُ الْجِنِّ، سُوْرَۃُ الْکَافِرُوْنَ، سُوْرَۃُ الْاِخْلَاصِ، سُوْرَۃُ الْفَلَقِ، اور سُوْرَۃُ النَّاسِ۔

س: قرآن کریم کی اس سورۃ کا نام بتلایئے جس کی ہر آیت میں لفظ "اللہ" آتا ہے؟

ج: سُوْرَۃَ الْمُجَادَلَۃِ۔

س: قرآن کریم کی ایک آیت جو ایک سورۃ میں ۳۱ مرتبہ آئی ہے وہ آیت اور سورۃ بتلایئے؟

ج: آیت ہے: فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ۔ اور سورۃ کا نام ہے "سُوْرَۃُ الرَّحْمٰنُ۔"

س: قرآن کریم میں سب سے بڑی سورۃ کون سی ہے؟

ج: سُوْرَۃُ الْبَقَرَۃِ۔

س: قرآن کریم کی وہ کون سی سورۃ ہے جس کے شروع میں بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ نہیں لکھا جاتا؟

ج: سُوْرَۃُ التَّوْبَۃِ۔

## عربی

| Dry Fruits | عربی | خشک میوہ جات |
|---|---|---|
| English | عربی | اردو |
| Coconut | جَوْزٌ هِنْدِيٌّ/نَارَجِيْلٌ | ناریل |
| Raisins | زَبِيْبٌ | کشمش |
| Pistachio nuts | فِسْتَقٌ | پستہ |
| Pine nut | ثَمَرَۃُ صَنُوْبَر | چلغوزہ |
| Almonds | لَوْزٌ | بادام |
| Mulberry | تُوْتٌ | شہتوت |
| Dry-date | تَمْرٌ مُجَفَّفٌ | چھوہارا |
| Cashew nut | كَاشُوْنَاتٌ/كَاجُوْ | کاجو |
| Walnut | جَوْزٌ | اخروٹ |
| Apricots | مِشْمِشٌ مُجَفَّفٌ | خشک خوبانی |
| Date | تَمْرٌ | کھجور |
| Ground-nut | فُوْلُ سُوْدَانِي | مونگ پھلی |

## پاکستان ملی نغمہ

وطن ہمارا، چمن ہمارا، ہے پیارا پیارا
ہر ایک دل کو لبھا رہا ہے حسین نظارا
محبتوں کا اخوتوں کا حسین جہاں ہے
ہماری یکجائی اور وحدت کا یہ نشاں ہے
ہماری ناموس کا محافظ علم ہمارا
ترقیوں کی طرف رواں ہے قدم ہمارا
وطن کی خاطر ہم اپنی جانیں فدا کریں گے
ہم اس کے دامن پہ گردِ نفرت نہ آنے دیں گے
وطن کی دھرتی کا گوشہ گوشہ سجائیں گے ہم
چمکتے چہروں کی دل کشی کو بڑھائیں گے ہم
چمن میں مہکیں گے ہم ہمیشہ بہار بن کر
رہیں گے دھرتی پہ سب دلوں کا قرار بن کر

## نظم صفائی کا راز

سنو پیارے بچو! اک اچھا اصول
چنو تم ہمیشہ صفائی کے پھول
صفائی کو جس نے کیا ہے پسند
ہوا اس کا رتبہ ہے اس سے بلند
اگر جو تمہارے میں ہے گندگی
تو سمجھو کہ بے کار ہے زندگی
صفائی کا رکھو ہمیشہ خیال
صفائی سے ہوتی ہے صحت بحال
اگر تم کرو گے صفائی سے پیار
تو ہوگا ہر اک جا تمہارا وقار
صفائی سے صحت اور عزت نصیب
صفائی سے رہتی ہے راحت قریب
صفائی یقیناً بڑا نور ہے
صفائی نہ ہو تو خدا دور ہے
صفائی کی عادت بہت خوب ہے
خدا اور نبی ﷺ کو یہ مرغوب ہے
اگر چاہو اچھی جو صحت رہے
صفائی سے تم کو محبت رہے
صفائی سے دل کو لگا کر رکھو
غلاظت سے خود کو بچا کر رکھو
میری بات نیر نہ بھولو کبھی
صفائی سے ہوتی ہے عزت بڑی

## پُر امیدی

ایک مثبت ذہنیت کامیابی کی سب سے اہم کنجی ہے۔چڑچڑے پن اور امتحانات کے موقع پر اپنا قیمتی وقت الجھن میں رہ کر ضائع کرنے کی بجائے خود کو اس بات پر قائل کریں کہ آپ ابھی بھی کامیابی حاصل کر سکتے ہیں۔اپنی ذات پر مضبوط یقین، حقیقت پسندانہ مقصد طے کرنا اور منصوبہ بندی کامیابی کے حصول کا بہترین طریقہ ہے اور اس سے آپ کو اللہ کے فضل و کرم سے کامیابی میں مدد ملے گی۔

## عزیز طلباء

اگر آپ بھی اپنے سکول کے اس میگزین میں لکھنا چاہتے ہیں تو ہم آپ کو خوش آمدید کہتے ہیں۔ آپ ایک صاف کاغذ پر اپنے پسندیدہ لطیفے، پہیلیاں، مضامین، نظمیں لکھ کر سکول انتظامیہ کے پاس جمع کروایئے، یہ آپ کے نام کے ساتھ شائع کئے جائیں گے۔ از۔ادارہ۔

## بوجھو تو جانیں

1۔ وہ کون سا رشتہ ہے جسے الٹا پڑھیں تو بھی وہی رہتا ہے؟

2۔ وہ کون سی ایسی چیز ہے جو روشنی بھی دیتی ہے اور اس کے نام کو الٹا پڑھیں تب بھی وہی رہتا ہے؟

3۔ ہمارے جسم کا وہ کون سا حصہ ہے جس کو الٹا پڑھیں تو جسم کے دوسرے حصے کا نام بن جاتا ہے؟

4۔ ہر کوئی ہاتھ ہاتھ لٹائے پھر بھی کوئی لٹ نہ پائے چیز اتنی ہے فائدہ مند اس کو کوئی چھین نہ پائے قیمتی بہت ہے یہ مگر جس کی ہے بس اسی کی ہے۔

5۔ وہ کون سا جاندار ہے جو نہ پرندوں میں ہے نہ جانوروں میں اور نہ ہی حشرات الارض میں ہے؟

6۔ جلی جائے، جلتی جائے، جل جل کر آخر مر جائے؟

**جوابات:** ابا، بلب، کان۔ ناک، علم، چمگاڈر، موم بتی

## علامہ اقبال

پیارے بچو! ملک و قوم کی تاریخ میں بڑے بڑے رہنماؤں کا ذکر ملتا ہے۔ان لوگوں نے اپنے ملک و قوم کے لئے بیش بہاخدمات انجام دیئے۔ کوئی رہنمامذہبی ہوتے ہیں اور کوئی روحانی۔ بعض انسانوں کو موت ہمیشہ آرام سے سلادیتی ہے ، لیکن کچھ مرنے کے بعد بھی زندہ رہتے ہیں ،ان میں سے ایک ہمارے قومی شاعر علامہ اقبال بھی ہیں۔ علامہ اقبال وہ عظیم ہستی ہیں جن کی شاعری آج بھی ہر مسلمان کو دعوت فکرو عمل دیتی ہے ،انہوں نے کیاخوب کہاہے :

عمل سے زندگی بنتی ہے جنت بھی، جہنم بھی
یہ خاکی اپنی فطرت میں نہ نوری ہے،نہ ناری ہے

آپ 9نومبر 1877 کو سیالکوٹ میں پیدا ہوئے آپ کا کلام عین نظریہ اسلام کے مطابق ہے۔آپ عاشق رسول ﷺ تھے اوراس کی واضح جھلک آپ کی شاعری میں نظر آتی ہے۔

کی محمد ﷺ سے وفا تو نے تو ہم تیرے ہیں
یہ جہاں چیز ہے کیا لوح و قلم تیرے ہیں

اقبال نظریہ پاکستان کے خالق تھے۔آپ نے برصغیر کے مسلمانوں کو خودی کی راہ دکھائی۔آپ نے فرمایا؛

خودی کو کر بلند اتنا کہ ہر تقدیر سے پہلے
خدا بندے سے خود پوچھے بتا تیری رضا کیاہے۔

1930 میں انہوں نے پاکستان کی تجویز پیش کی۔آپ نے کہا مسلمان عقائد اور رسم ورواج کی ایک الگ شناخت رکھتے ہیں۔ایک اور جگہ انہوں نے کیاخوب کہاہے

اس قوم کو شمشیر کی حاجت نہیں رہتی
ہوجس کے جوانوں کی خودی صورتِ فولاد



آپ 19اپریل 1938 کو فوت ہوئے۔آپ کامزار لاہور میں بادشاہی مسجد میں واقع ہے۔اللہ آپ کو اپنی جوارِ رحمت میں جگہ دے۔

ہزاروں سال نرگس اپنی بے نوری پہ روتی ہے
بڑی مشکل سے ہوتا ہے چمن میں دیدہ ور پیدا

(Miss Rafia)

## معلومات عامہ

پھولوں کا ملک ہالینڈ کو کہا جاتا ہے۔
قبروں کا شہر احمد آباد ( بھارت ) کو کہا جاتا ہے۔
سفید ہاتھیوں کا ملک تھائی لینڈ کو کہاجاتاہے۔
بازاروں کا شہر قاہرہ کو کہاجاتاہے۔
خاموش گذرگاہوں کا شہر وینس کو کہا جاتا ہے۔
سات پہاڑوں کا شہر روم کو کہاجاتاہے۔
یورپ کا کشمیر سوئٹزرلینڈ کو کہاجاتاہے۔
فرانس کی دلہن پیرس کو کہاجاتاہے۔
ہواؤں کا شہر شکاگو کو کہاجاتاہے۔

## علم کا شوق

حضرت امام احمد بن حنبل رحمہ اللہ کو حضرت امام شافعی رحمہ اللہ کی ذات سے بڑی عقیدت تھی اور وہ ان کا ہمیشہ بڑا احترام کرتے تھے۔امام شافعی رحمہ اللہ سوار ہوتے تو یہ ان کے پیچھے پیچھے پیدل چل کر ان سے سوالات کرتے جاتے تھے۔
ان کا خود اپنا بیان ہے کہ میں نے تیس برس سے کوئی ایسی نماز نہیں پڑھی جس میں امام شافعی رحمہ اللہ کے لیے دعا نہ کی ہو۔

## اقوال زریں

1۔بہادر وہ شخص ہے جو غصے کے وقت اپنے آپ کو قابو میں رکھے۔( نبی اکرم ﷺ )
2۔جس آدمی نے قناعت کو چھوڑا وہ کبھی غنی نہیں ہوا۔
3۔جس بات کو چھپانا چاہتے ہو اس کا اظہار کسی سے بھی نہ کرو۔
4۔جذبات کو ہر حالت میں تمیز وادب کے تابع رکھو۔
5۔انسانی جذبات میں سب سے بے وفا جذبہ امید کا ہے۔
6۔اگر چھوٹی چیز پر نظر لگائے بیٹھے رہو گے تو بڑی چیز کبھی نہیں ملے گی۔

## پہیلیاں

1۔ سفید ہاتھی اور سبز پر، بتاؤ پہیلی ورنہ جاؤ گھر 2۔ہاتھ میں ڈنڈا نہ تلوار، ننھا سا اک چوکیدار
3۔جب بھی اس کو غصہ آئے،سب کو چھوڑ کر لکڑی کھائے 4۔دیکھی ہم نے رات کی رانی،آنکھ سے اس کے ٹپکے پانی
5۔دور دیس سے چل کر آیا، بن بولے سب حال سنایا 6۔چڑھے ناک پر پکڑے کان، بچو بولو کون شیطان
7۔ایک تھال ہیروں سے بھرا،سب کے سر پر اوندھا دھرا، موتی اس سے ایک نہ گرے،آنکھ کھولی تو ہیرے غائب
8۔سب سے تیز اس کی رفتار، ذہن میں آئے سو سو بار 9۔سب کو دیکھے اور پہچانے، کون ہے جو نہ اس کو جانے
10۔ چلتی جائے ایک کہانی، سو برسوں تک نہ ہو پرانی
جوابات : مولی۔ تالا۔ آگ۔ موم بتی۔ خط۔ عینک۔ آسمان پر ستارے۔ خیال۔ آنکھ۔ صدی۔

## یادرکھنے کی باتیں

- خاموشی اختیار کرو لیکن حلم کے ساتھ۔
- دوسروں کے حقوق غصب کرنے سے بچنا چاہیے۔
- دینِ اسلام سب نیکیوں کا نچوڑ والا مذہب ہے۔
- دولت کے بھوکے کو کبھی حقیقی راحت نہیں مل سکتی۔

## مسکراہٹ

❖ ایک شخص کو سائیکل نے ٹکر ماردی۔وہ چلاتے ہوئے سائیکل سوار سے بولا: ”دیکھتے نہیں ہو !اندھے ہوگئے ہو کیا؟“ سائیکل سوار ( مسکراتے ہو) : ”شکر کرو تمہاری جان بچ گئی ورنہ میں تو ٹرک ڈرائیور ہوں اور آج چھٹی پر ہوں۔“

❖ حساب کا اُستاد شاگردوں کو سمجھانے کے لیے: ”فرض کرو تمہارے پاس تین روٹیاں ہوں‘ دو تم نے کھالیں تو پیچھے کیا بچے گا؟“ شاگرد (سر کھجاتے ہوئے) : ”سالن۔۔۔“

❖ جج (قتل کے مجرم سے ) : ”تمہارا جرم ثابت ہوگیا ہے تمہیں کل پھانسی پر لٹکا یا جائے گا۔“ مجرم ”لیکن جج صاحب پھر اُتار اکب جائے گا میں نے شام کو ٹیکسی بھی چلانی ہوتی ہے۔“

## چلیں مسکرائیں

❖ جنگل سے گزرتے ہوئے ایک بوڑھے شخص کو شیر نے گھیر لیا اور بولا: ”آج تو میں تمہارا خون پیوں گا۔“
بوڑھا شخص: ”میرا خون تو ٹھنڈا ہے، پیچھے ایک نوجوان آرہا ہے اُس کا گرم خون پینا۔“
شیر: ”نہیں جی !آج میرا کولڈرنک پینے کو جی چاہ رہا ہے۔“

❖ ”شوہر بہت اداس سا گھر لوٹا تو بیوی نے پوچھ لیا: کیا بات ہے؟ یہ منہ کیوں لٹکا ہوا ہے؟
شوہر: ”آج ہماری فیکٹری میں شارٹ سرکٹ ہوگیا جس کی وجہ سے سارے مزدور مرگئے“۔
بیوی ”اللہ۔۔۔ خیر۔۔۔ لیکن تم کیسے بچ گئے؟
شوہر: ”میں تھوڑی دیر کے لیے باہر گٹکا کھانے گیا تھا“۔
بیوی: ”چلو تمہاری جان بچ گئی“۔
شوہر: ”مالک نے مرنے والے مزدوروں کے گھر والوں کو 10 لاکھ معاویہ دینے کا اعلان کیا ہے۔
بیوی (جل کر) آگ لگے تمہارے گٹکے کو ہزار بار کہا ہے کہ گٹکا نہ کھایا کرو۔۔۔ لیکن نہیں مانے۔۔۔ گئے ناں ہاتھ سے 10 لاکھ۔۔۔

## انمول موتی

- جیسا سلوک تم اپنے ساتھ چاہتے ہو، ویسا ہی سلوک تم لوگوں سے کرو۔
- تم کسی پر احسان کرو تو اسے چھپاؤ اور کوئی تم پر احسان کرے تو اسے ظاہر کرو۔
- اگر چاہتے ہو کہ تمہارا دوست دشمنی تک نہ پہنچے تو اسے بھی راز دار نہ بناؤ۔
- اپنی مدح سرائی کو اس طرح ناپسند کرو جس طرح برائی کو ناپسند کرتے ہو۔
- اگر تم فیاض نہیں ہو تو پھر لوگ تم سے دور دور بھاگیں گے۔
- تم چاہو تو اپنے خیالات بدل کر اپنی زندگی کو بہتر بنا سکتے ہو۔
- ناراض کو محبت سے، برے کو نیکی سے، شریر کو حلم سے، جھوٹے کو صداقت سے نرم کرو۔

## قہقہے لگایئے

1۔کلینک پر بیٹھا مریض (کراہتے ہوئے ) : ”ہائے اللہ !پہلے درد نے پاگل کیا تھا ‘اب تو میری ٹانگ بھی مفلوج ہو گئی ہے۔“ پاس بیٹھا مریض : ”معاف کرنا بھائی صاحب !آپ پچھلے پانچ منٹ سے میری ٹانگ پر چٹکیاں کاٹ رہے ہیں۔“

2۔ایک شخص (اپنے شاعر اور ادیب پروفیسر دوست سے ) : ”مجھے پڑھنے کے لیے کوئی اچھی سی کتاب دیجئے۔“ پروفیسر : ”کتاب ہلکی پھلکی ہو یا فکر وجذبات سے بوجھل۔“ دوست : ”ہلکی یا بوجھل اس سے فرق نہیں پڑتا‘ باہر میری گاڑی کھڑی ہے۔“

3۔انسانی ہمدردی اور امداد باہمی پر لیکچر دینے کے بعد استاد بچوں سے : ”اگر کسی وجہ سے ساری دکانیں بند ہوں‘ آپ کو کھانے کو روٹی اور سالن میسر ہو، سارا محلّہ بھوکا بیٹھا ہو تو آپ کیا کرو گے؟“ شاگرد (یک زبان ہو کر) : ”ہم کیک اور بسکٹ کھا کر گزارا کرلیں گے۔“

4۔تاریخ کا استاد (طفیل سے ) : ”اورنگزیب عالمگیر کی وفات کے بعد کیا ہوا تھا؟“ طفیل : ”اسے بھرپور اعزاز کے ساتھ دفن کر دیا گیا تھا۔“ استاد (غصے سے ) : ”نالائق کہیں کے۔“ طفیل : ”معذرت استاد جی !اسے پہلے غسل دیا گیا ہوگا۔“

5۔آرٹسٹ (دوستوں سے ) : ”کل کدھر غائب ہو گئے تھے سارے۔“ دوست : ”جناب !آرٹ گیلری میں آپ کی تصاویر ہی تو دیکھنے گئے تھے۔“ آرٹسٹ : ”کیسی پائیں میری تصاویر اور کیا فرق پایا میری اور دوسری تصاویر میں؟“ دوست : ”صرف آپ کی تصاویر ہی دیکھ سکے، باقی جگہ تو رش تھا، وہ دیکھنے کا موقع ہی نہیں ملا۔“

6۔مل مالک (نوکری کے امیدوار سے ) : ”آپ کیا کیا کام جانتے ہیں؟“ اُمیدوار ”میں تو کچھ نہیں جانتا۔“ مل مالک : ”معاف کیجئے گا، ہمارے پاس اعلیٰ افیسر کی کوئی جگہ خالی نہیں ہے۔“
7۔بیوی اپنے شوہر کو تصویر لٹکانے کی ہدایت کرتے ہوئے : ”سنیے !ہتھوڑی الماری میں رکھی ہے، کیلیں میز کی دراز میں ہیں اور مرہم پٹی کا سامان ساتھ والی الماری میں رکھا ہے۔“

## اقوال شیریں

❖ دو چہرے انسان کو کبھی نہیں بھولتے،ایک مشکل میں ساتھ دینے والا اور دوسرا مشکل میں ساتھ چھوڑ جانے والا۔
❖ آسمان پر اڑتے ہوئے پرندے سے کسی نے پوچھا کیا تمہیں زمین پر گرنے کا ڈر نہیں؟اس نے مسکرا کر جواب دیا،میں انسان نہیں جو ذرا سی بلندی پر جا کر اکڑ جاؤں , نظریں میری زمین پر ہی ہوتی ہیں۔
❖ جب ناخن بڑھ جاتے ہیں تو ناخن ہی کاٹے جاتے ہیں۔انگلیاں نہیں۔ بالکل اسی طرح جب کسی رشتے میں غلط فہمیاں پیدا ہو جاتی ہیں تو غلط فہمیاں ختم کرنی چاہئیں رشتہ نہیں۔
❖ ایسی خوشی سے بچو جو دوسروں کو دکھ دینے سے حاصل ہوتی ہو۔

## اخبار و احوال۔ پہلی ششماہی (تدریسی سال پنجم) ۔ العلم اکیڈیمیا سکول 2020-21

### اس ششماہی میں۔

**ماہ اگست :**
سکول دوبارہ کھولنے کے حوالے سے BOG لیول میٹنگ کی گئی جس میں وبا سے محفوظ رہنے کے لئے ہیلتھ اینڈ سیفٹی پالیسی وضع کی گئی۔
اگست کے آخری دنوں میں ایڈمن اور اکیڈمک سٹاف کی حوصلہ افزائی کے لئے حسب سابقہ روایت، امسال بھی تقریب منعقد کی گئی اور سٹاف کو سرٹیفکیٹ اور سوونیئرز سے نوازا گیا۔ اس کے علاوہ ان کے اعزاز میں ٹی پارٹی بھی دی گئی۔

**ماہ ستمبر :**
اساتذہ کی تدریسی صلاحیتوں کو نکھارنے کے لئے 3 روزہ ان ہاؤس تدریسی ریفریشر کورس منعقد کیا گیا جس میں اساتذہ نے آپس میں تدریسی امور، طریقہ ہائے تدریس، مشق، امتحان اور تربیت کے حوالے سے تجربات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

**ماہ اکتوبر :**
ممتاز ماہر تعلیم جناب ڈاکٹر رحیم خان صاحب نے 20 اکتوبر کو جامعہ اور اس کے شعبہ جات کا دورہ کیا، اس موقع پر انہیں العلم ایجوکیشن سسٹم کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی اور ان کے تجربات سے استفادے پر بات چیت کی گئی۔

**ماہ نومبر :**
طلباء کے لئے مڈ ٹرم امتحان کا انعقاد کیا گیا اور نتائج تیار کرنے کے بعد والدین کو آگاہی دی گئی۔

**ماہ دسمبر :**
طلباء کے لیے (LMS) ترتیب دیا گیا جس میں کتابی مواد، حل شدہ مشقیں، ویڈیوز، معروضی سوالات برائے مشق شامل کیا گیا۔

**ماہ جنوری :**
جنوری میں ماہانہ جائزے (Monthly Test) کے لئے تیاری کی گئی۔
Final Term میں کورونا کی وجہ سے غیر یقینی صورتحال کے پیش نظر تمام کلاسز کے اسباق کی ویڈیو ریکارڈنگ، ریویو اور LMS پر اپلوڈنگ کے مرحلہ وار کام نہایت محنت سے کیا گیا۔
امتحانات اور جائزوں کے لئے معروضی سوالات MSQ's پر کام کیا گیا۔
اساتذہ کو اسباق کی ویڈیوز بنانے کے متعلق Digital Tools اور کمپیوٹر وغیرہ کے استعمال کی تربیت فراہم کی گئی۔

## پہیلیاں

1۔ سفید ہاتھی اور سبز پر
بتاؤ پہیلی ورنہ جاؤ گھر

2۔ ہاتھ میں ڈنڈا نہ تلوار
ننھا سا اک چوکیدار

3۔ جب بھی اس کو غصہ آئے
سب کو چھوڑ کر لکڑی کھائے

4۔ دیکھی ہم نے رات کی رانی
آنکھ سے اس کے ٹپکے پانی

5۔ دور دیس سے چل کر آیا
بن بولے سب حال سنایا

6۔ چڑھے ناک پر پکڑے کان
بچو بولو کون شیطان

7۔ ایک تھال ہیروں سے بھرا
سب کے سر پر اوندھا دھرا
موتی اس سے ایک نہ گرے
آنکھ کھولی تو ہیرے غائب

8۔ سب سے تیز اس کی رفتار
ذہن میں آئے سو سو بار

9۔ سب کو دیکھے اور پہچانے
کون ہے جو نہ اس کو جانے

10۔ چلتی جائے ایک کہانی
سو برسوں تک نہ ہو پرانی

**جوابات :** مولی۔ تالا۔ آگ۔ موم بتی۔ خط۔ عینک۔ آسمان پر ستارے۔ خیال۔ آنکھ۔ صدی۔

## آسمانی کتابیں اور قرآن مجید



پیارے بچو! اللہ تعالیٰ نے انسانوں کو جنت میں جانے والے کام اور جہنم کی آگ سے بچنے والے کام بتلانے کے لیے بہت سی کتابیں بھیجی ہیں، ان میں سے چار کتابیں زیادہ مشہور ہیں۔ ایک کتاب کا نام تورات ہے جو اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی جن کا نام حضرت موسیٰ علیہ السلام تھا ان کے پاس بھیجی تھی۔ اور دوسری مشہور کتاب کا نام "زبور" ہے جو اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی، جن کا نام حضرت داؤد علیہ السلام تھا، ان کے پاس بھیجی تھی۔ اور تیسری مشہور کتاب کا نام "انجیل" ہے جو اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی جن کا نام حضرت عیسیٰ علیہ السلام تھا، ان کے پاس بھیجی تھی۔ چوتھی اور سب سے آخری کتاب کا نام "قرآن مجید" ہے جو اللہ تعالیٰ نے اپنے سب سے آخری نبی حضرت محمد ﷺ کے پاس بھیجی۔

## سنہرے موتی

- زندگی کی کتاب میں اتنی غلطیاں نہ کرو کہ پنسل سے پہلے ربڑ ختم ہو جائے اور توبہ سے پہلے زندگی۔
- جاہل کہتا ہے کہ "میں نے اپنا ماضی تباہ کر دیا" لیکن عقلمند کہتا ہے "مستقبل ابھی محفوظ ہے"۔
- ہر شخص سچا دوست تلاش کرتا ہے لیکن سچا دوست بننے کی زحمت گوارا نہیں کرتا۔
- بادل کی طرح رہو جو پھول پر ہی نہیں کانٹوں پر بھی برستا ہے۔
- نئی صبح نئی اُمید سے شروع کرو پرانی ناکامی سے نہیں۔

## اقوال زریں

- اپنے حصے کا کام کیے بغیر دعا پر بھروسہ کرنا حماقت ہے۔
- ہمیشہ سچ بولنا چاہیے۔
- محنت کرنے والوں کی کبھی ہار نہیں ہوتی۔

## سنہرے موتی

خدا کے فضل، اس کی تائید کے بغیر کچھ نہیں ہو سکتا۔
کتابیں دولت سے حاصل کی جا سکتی ہیں لیکن علم نہیں۔
کسی کی بدبختی سے عقل مند سبق حاصل کرتے ہیں۔

## صحت کی تکون

اچھی غذا، مناسب نیند اور ورزش۔ یہ تینوں صحت کے لیے بے حد ضروری ہیں۔ اچھی غذا آپ کے چہرے پر رونق لا سکتی ہے۔ اگر آپ صرف اتنا کریں کہ مضر صحت غذاؤں مثلاً پان، چھالیہ، تمباکو نوشی اور چائے کا بے دریغ استعمال ترک کر دیں تو اسی سے اچھی غذا کا مسئلہ حل ہو جاتا ہے۔ 24 گھنٹے میں دو کپ سے زیادہ چائے ہرگز نہ پئیں۔
غذا کے بعد جسم کو پوری نیند کی ضرورت ہوتی ہے۔ تحقیق کے مطابق جسم اور دماغ کے لیے آٹھ گھنٹوں کی نیند ضروری ہے۔ بعض لوگوں کے لیے سات اور بعض کے لیے چھ گھنٹوں کی نیند کافی ہوتی ہے۔ دوپہر کے کھانے کے بعد پندرہ منٹ کی اونگھ صحت کے لیے مفید ہوتی ہے۔ یہ سنت بھی ہے۔
ورزش صحت مند رہنے کے لیے ہر شخص کی ضرورت ہے اور اس میں کوئی اضافی رقم بھی خرچ نہیں ہوتی۔ 24 گھنٹے میں کم از کم 24 منٹ ضرور ورزش کریں۔

## دلچسپ معلومات

- مینار پاکستان کی اونچائی ستر (70) میٹر ہے۔
- ایٹم بم سب سے پہلے امریکہ نے بنایا تھا۔ اور 1945 میں جاپان کے شہر ہیروشیما اور ناگاساکی پر گرایا تھا۔
- سب سے زیادہ زلزلے جاپان میں آتے ہیں۔
- باب الاسلام پاکستان کے صوبہ سندھ کو کہا جاتا ہے۔

## قولِ غزالی !

امام غزالیؒ فرماتے ہیں اے انسانو اگر کوئی بادشاہ تمھارے گھر آنے کا ارادہ کرے تو تم مقررہ وقت سے پہلے اس کے لیے تیاری شروع کرو گے گھر سجاؤ گے رنگ و روغن کرو گے تاکہ بادشاہ خوش ہو جائے۔ اے انسانو! سوچو وہ جو بادشاہوں کا بادشاہ ہے جس کا رہنے کا گھر تمھارا دل ہے؟ اے انسانو! اپنے دل میں سے بری خصلتیں یعنی حسد، نفرت، تعصب اور اللہ کی نافرمانی کو نکال کر باہر پھینک دو۔ اس میں محبت کا بیج ڈالو تاکہ تمھارے دل میں اس عظیم ہستی کی محبت پیدا ہو۔

صبیحہ ۔ کلاس چہارم

**اشاعت سے معذرت:**
العلم اکیڈیمیا کی میگزین کمیٹی معذرت خواہ ہے کہ ہم بعض طالب علموں کے مضامین شائع نہیں کر رہے جس کی چند ایک وجوہات ہیں۔

- آپ کا بھیجا ہوا مواد انتہائی پرانا ہے۔
- آپ کا کام مکمل طور پر کسی رسالے یا میگزین سے کاپی ہے۔
- آپ کے ہاتھ کی تحریر پڑھے جانے کے قابل نہیں۔
- آپ کی بھیجی ہوئی تحریر ہمیں بہت دیر سے موصول ہوئی۔

آپ طلباء سے گزارش ہے کہ اوپر درج معروضات کی روشنی میں اپنی تحریر میں بہتری لائیں تاکہ وہ قابل اشاعت بن جائیں۔

شکریہ

# AL-ILM LEARNING MANAGEMENT SYSTEM












**AFAQ TRAINING SESSION**



# REWARDS AND RECOGNITION










# SCHOOL DECOR



پیارے بچو! فرق معلوم کریں۔














# ISLAM

- Islam is a School
- Dunya is a Class
- We are Students
- Quran is a syllabus
- Ramzan is a test
- Namaz is a practical
- MUHAMMAD (S.A.W) is a teacher
- Allah is an Examiner
- Qayamat is state of result
- So try to get1st Position.
- (Jawerya: 7th A)

## 10 Ways to be a good student

1) Come to school every day.
2) Have your supplies ready
3) Have your material organized
4) Pay attention in class.
5) Complete assignments on time.
6) Follows directions.
7) Ask for help when you need.
8) Participate in class activities.
9) Follow all schools rules.
10) Always try to do your best.

## The Little Plant... Reading and Speaking Skill

In the heart of a seed,
Buried deep so deep,
A tiny plant
Lay fast asleep
"Wake" said the sunshine,
"And creep to the light"
"Wake" said the voice,
Of the raindrops bright,
The little plant heard
And it rose to see,
What the wonderful,
Outside world might be

## Quotation

- Don't Trust Every One, Because Sugar and Salt Both have Same Colors.
- Education is the movement from darkness to light
- Education is the key to Success.

## Makkah (Reading and Speaking Skill)

Makkah is the birth place of Hazrat Muhammad (SAW) .Makkah is at the top of the list of most visited places of Earth. It is located in Saudi Arabia. Only Muslims are permitted to enter Makkah.

The central point of Makkah is "Khana kaba" It's the house of Allah. It is covered with gold embroided black fabric. There is a well of water in Makkah. It is called "Zam Zam" It has many health benefits.

## Quaid-e-Azam

Muslim is not born to give up. If he is forced to enslaved, he will become Babur .He will emerge as Sultan Tipu. He can happily embrace martyrdom but will never accept slavery......Quaid-e-Azam (16 April 1938)

Our objective should be peace. We want to live peacefully and maintain cordial friendly relation with our immediate neighbors and with the world at large.


(Miss Aliya Gul)

## 47A BEAUTIFUL THOUGHT

(if needed kindly first type it)




## Amazing DRAWING




## BRAIN GAME




## JOKE



A Lady broke a signal and was presented in front of the judge.

Lady: Your honour! Please let me go. I am a school teacher and I am getting late for my class.

Judge: Aahaaa so you are school teacher , I have waited for this moment all my life, now write down, I will never go through a red signal 500 times.

# Principal's massage for Parents

## Parents' responsibility towards their Children:

Parents play a vital role in their child's education, whatever the age of the child is. The following are some of the responsibilities a parent has towards the education of their children:

a) Spend time with your child (b) Provide a supportive environment in the house
c) Connect with your child's school teachers (d) Encourage your child (e) Discuss their problems with them
f) Keep an eye on your child's activity (g) Advise your child about how to develop study habits
h) Maintain a balance between love and strictness
i) Monitor how your child learns
j) Ensure that your child is not over-scheduled
k) Set aside time to read together

Teaching children with diligence requires investment of time. As parents we want the best for our child, and the best we can give them is the right kind of education.

Our attitude towards education can inspire them and show them how to take charge of their own educational journey. Through proper guidance, parents can help their child organize their time to learn new things in and out of school.

Give your child the best learning experience and help them succeed with good academic performance. Educate your children and give them a bright future.

## Tell me the name of the fruit?



In Urdu, It is called ........................................

In English, It is called ....................................

In Arabic, It is called ......................................

In Pashto, It is called ......................................

## SCIENCE CORNER




## Few Words For New Teacher

1) Establish your routines for the whole year.
2) Consider the school culture.
3) Choose the key classroom rules.
4) Decide on the consequences for the rules infractions.
5) Make connections with staff.
6) Schedule appointments with Principal
7) Schedule appointments for PTM
8) Decide for your classroom style and organization
9) Start making your own notes and worksheets for next years

## What we do know about next school year…

1. Digital learning is not going away.
2. Creating engaging digital lessons will be a focus.
3. Socialization and collaboration may look different but will still be important.
4. Engagement will look different.
5. New approaches to teaching will come faster than ever.
6. Other people will tell teachers what learning should look like, but we will always know what is best for our students.
7. We can adapt to - literally - anything.
8. Teacher self-care will be more important than ever.

## Look at the Snow

Look at the snow!
Look at the snow!
Lets all take our sleds,
And go!
Up the hill we walk slow, slow,
And drag our red sleds in the snow:
But once at the top of the hill we know
That like the wind they ll go , go, go
Whizzing down to the flat, below.

## Only One Mother

Hundreds of stars in the pretty sky,
Hundreds of shells on the shore together,
Hundreds of birds that go singing by,
Hundreds of lambs in the sunny weather
Hundreds of dewdrops to greet the dawn,
Hundreds of bees in the purple clover,
Hundreds of butterflies on the lawn,
But only one mother the wide world over.